بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

انصاراللہ ناروے

شمارہ نمبر ا

جولائی تا دسمبر ۲۰۱۰

۱۴۳۱ ہجری

نگران اعلیٰ و امیر جماعت احمدیہ ناروے	مکرم زرتشت منیر احمد خان صاحب

صدر مجلس انصاراللہ ناروے	مکرم بشارت احمد صابر صاحب

مدیر	مکرم ڈاکٹر احمد رضوان صادق صاحب

مجلس ادارت	مکرم سیّد کمال یوسف صاحب

مکرم مبارک احمد شاہ صاحب

نظر ثانی	مکرم شاہد محمود کاہلوں، مربی سلسلہ احمدیہ ناروے

پروف ریڈنگ	مکرم قاضی منیر احمد صاحب

صفحہ نمبر	فہرست مضامین	صفحہ نمبر	فہرست مضامین
27	عیسائی منادوں کے اعتراضات کی تردید	3	القرآن
32	نظم	4	حدیث
34	درود شریف سے خدا کا فیض اور فضل ملتا ہے۔	5	ارشادات عالیہ حضرت مسیح موعودؑ
36	اہم امور میں مشاورت سے متعلق اسوہء رسول ﷺ	8	اداریہ
42	انصاراللہ کوئز	9	پیغام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ
43	مالی قربانی	10	پیغام صدر مجلس انصاراللہ ناروے
46	انتخاب	11,12	پاکیزہ منظوم کلام اردو اور فارسی
55	قرآن پر عمل کرنے میں ہی ہماری نجات ہے	13	ارشادات حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ
58	نظم	16	حضرت مسیح موعودؑ کا عشق رسول ﷺ
61-64	نارویجین حصہ	21,22	اراکین مجلس عاملہ و زعماء مجالس انصاراللہ ناروے ۲۰۱۰ء۔
		25	رپورٹ کارگذاری مجلس انصااللہ ناروے

تقویٰ

يَآاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا
وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا ط اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ ط اِنَّ اللّٰهَ
عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ۔ (الحجرات ۱۴)

ترجمہ: اے لوگو! یقیناً ہم نے تمہیں نر اور مادہ سے پیدا کیا اور تمہیں قوموں اور قبیلوں میں تقسیم کیا تا کہ تم ایک دوسرے کو پہچان سکو۔ بلا شبہ اللہ کے نزدیک تم میں سب سے زیادہ معزز وہ ہے جو سب سے زیادہ متّقی ہے۔ یقیناً اللہ دائمی علم رکھنے والا (اور) ہمیشہ باخبر ہے۔

صحبتِ صالح

عنِ ابن عباس رضی اللّٰہ عنہ قال : قیل یا رسول اللہ ایّ جلسائنا خیر؟ قال من ذکر کم اللّٰہ رویتہ و زادفی علمکم منطقہ۔ وذکر کم بالاخیرۃ عملہ (الترغیب والتوھیب۔ الترغیب فی مجالسۃ العلماء)

ترجمہ۔ حضرت عبد اللہ بن عباس ؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ سے دریافت کیا گیا کہ کس کے پاس بیٹھنا (دینی لحاظ سے) بہتر ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔ ایسے شخص کے پاس بیٹھنا مفید ہے جس کو دیکھنے کی وجہ سے تمہیں خدا یاد آوے۔ جس کی باتوں سے تمہارے علم میں اضافہ ہو۔ اور جس کے عمل کو دیکھ کر تمہیں آخرت کا خیال آئے اور اپنے انجام کو بہتر بنانے کے لئے تم کوشش کرنے لگو۔

ارشادات عالیہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

خدا تعالیٰ دو قدرتیں دکھلاتا ہے تا مخالفوں کی دو جھوٹی خوشیوں کو پامال کر کے دکھلا دے۔

تمہارے لئے دوسری قدرت کا دیکھنا ضروری ہے اور اس کا آنا تمہارے لئے بہتر ہے کیونکہ وہ دائمی ہے جس کا سلسلہ قیامت تک منقطع نہیں ہو گا۔

” خدا کا کلام مجھے فرماتا ہے کہ کئی حوادث ظاہر ہوں گے اور کئی آفتیں زمین پر اتریں گی۔ کچھ تو ان میں سے میری زندگی میں ظہور میں آجائیں گی اور کچھ میرے بعد ظہور میں آئیں گی۔ اور وہ اس سلسلہ کو پوری ترقی دے گا۔ کچھ میرے ہاتھ سے اور کچھ میرے بعد۔

یہ خدا تعالیٰ کی سنت ہے اور جب سے کہ اس نے انسان کو زمین میں پیدا کیا ہمیشہ اس سنّت کو وہ ظاہر کرتا رہا ہے کہ وہ اپنے نبیوں اور رسولوں کی مدد کرتا ہے اور ان کو غلبہ دیتا ہے۔ جیسا کہ وہ فرماتا ہے۔ کتب اللہ لاغلبنّ انا ورسلی (المجادلہ ۲۲)۔ اور غلبہ سے مراد یہ ہے کہ جیسا کہ رسولوں اور نبیوں کا یہ منشا ہوتا ہے کہ خدا کی حجت زمین پر پوری ہو جائے اور اس کا مقابلہ کوئی نہ کر سکے اسی طرح خدا تعالیٰ قوی نشانوں کے ساتھ ان کی سچائی ظاہر کر دیتا ہے اور جس راستبازی کو وہ دنیا میں پھیلانا چاہتے ہیں اسکی تخم ریزی انہی کے ہاتھوں کر دیتا ہے۔ لیکن اس کی پوری تکمیل ان کے ہاتھ سے نہیں کرتا بلکہ ایسے وقت میں ان کو وفات دے کر جو بظاہر ایک ناکامی کا خوف اپنے ساتھ رکھتا ہے مخالفوں کو ہنسی اور ٹھٹھے اور طعن و تشنیع کا موقعہ دے دیتا ہے۔ اور جب وہ ہنسی ٹھٹھا کر چکتے ہیں تو پھر ایک دوسرا ہاتھ اپنی قدرت کا دکھاتا ہے اور ایسے اسباب پیدا کر دیتا ہے جن کے ذریعہ سے وہ مقاصد جو کسی قدر ناتمام رہ گئے تھے اپنے کمال کو پہنچتے ہیں۔

غرض دو قسم کی قدرت ظاہر کرتا ہے۔(۱) اوّل خود نبیوں کے ہاتھ سے اپنی قدرت کا ہاتھ دکھاتا ہے۔

(۲) دوسرے ایسے وقت میں جب نبی کی وفات کے بعد مشکلات کا سامنا پیدا ہو جاتا ہے اور دشمن زور میں آجاتے ہیں اور خیال کرتے ہیں کہ اب کام بگڑ گیا۔ اور یقین کر لیتے ہیں کہ اب یہ جماعت نابود ہو جائے گی۔ اور خود جماعت کے لوگ بھی تردّد میں پڑ جاتے ہیں اور ان کی کمریں ٹوٹ جاتی ہیں اور کئی بدقسمت مرتد ہونے کی راہیں اختیار کر لیتے ہیں۔ تب خدا تعالیٰ دوسری مرتبہ اپنی زبردست قدرت ظاہر کرتا ہے اور گرتی ہوئی جماعت کو سنبھال لیتا ہے۔ پس وہ جو اخیر تک صبر کرتا ہے خدا تعالیٰ کے اس معجزہ کو دیکھتا ہے۔ جیسا کہ حضرت ابو بکر صدیقؓ کے وقت میں ہوا جبکہ آنحضرت ﷺ کی موت ایک بے وقت موت سمجھی گئی۔ اور بہت سے بادیہ نشین نادان مرتد ہو گئے اور صحابہؓ بھی مارے غم کے دیوانہ کی طرح ہو گئے۔ تب خدا تعالیٰ نے حضرت ابو بکر صدیقؓ کو کھڑا کر کے دوبارہ اپنی قدرت کا نمونہ دکھایا اور اسلام کو نابود ہوتے ہوتے تھام لیا اور اس وعدہ کو پورا کیا جو فرمایا تھا

وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِى ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ؕ۔

(النّور ۵۶)۔ یعنی خوف کے بعد پھر ہم ان کے پیر جما دیں گے۔ ایسا ہی حضرت موسیٰؑ کے وقت میں ہوا جبکہ حضرت موسیٰؑ مصر اور کنعان کی راہ میں پہلے اس سے جو بنی اسرائیل کو وعدہ کے موافق منزل مقصود تک پہنچاویں فوت ہو گئے اور بنی اسرائیل میں ان کے مرنے سے ایک بڑا ماتم برپا ہوا۔ جیسا کہ توریت میں لکھا ہے کہ بنی اسرائیل اس بے وقت موت کے صدمہ سے حضرت موسیٰؑ کی ناگہانی جدائی سے چالیس دن تک روتے رہے۔ ایسا ہی حضرت عیسیٰؑ کے ساتھ معاملہ ہوا اور صلیب کے واقعہ کے وقت تمام حواری تتر بتر ہو گئے اور ایک ان میں سے مرتد بھی ہو گیا۔

سواے عزیزو! جبکہ قدیم سے سنّت اللہ یہی ہے کہ خدا تعالیٰ دو قدرتیں دکھلاتا ہے تا مخالفوں کی دو جھوٹی خوشیوں کو پامال کر کے دکھلا دے۔ سو اب ممکن نہیں ہے کہ خدا تعالیٰ اپنی قدیم سنّت کو ترک کر دیوے۔ اس لئے تم میری

اس بات سے جو میں نے تمہارے پاس بیان کی غمگین مت ہو اور تمہارے دل پریشان نہ ہو جائیں کیونکہ تمہارے لئے دوسری قدرت کا بھی دیکھنا ضروری ہے اور اس کا آنا تمہارے لئے بہتر ہے کیوں کہ وہ دائمی ہے جسکا سلسلہ قیامت تک منقطع نہیں ہو گا۔ اور دوسری قدرت نہیں آسکتی جب تک میں نہ جاؤں۔ لیکن میں جب جاؤں گا تو پھر خدا اس دوسری قدرت کو تمہارے لئے بھیج دے گا جو ہمیشہ تمہارے ساتھ رہے گی۔ جیسا کہ خدا تعالیٰ کا براہین احمدیہ میں وعدہ ہے۔ اور وہ وعدہ میری ذات کی نسبت نہیں ہے بلکہ تمہاری نسبت وعدہ ہے جیسا کہ خدا فرماتا ہے کہ میں اس جماعت کو جو تیرے پیرو ہیں قیامت تک دوسروں پر غلبہ دوں گا۔ سو ضرور ہے کہ تم پر میری جدائی کا دن آوے تا بعد اس کے وہ دن آوے جو دائمی وعدہ کا دن ہے۔ وہ ہمارا خدا وعدوں کا سچا اور وفادار اور صادق خدا ہے۔ وہ سب کچھ تمہیں دکھلائے گا جس کا اس نے وعدہ فرمایا ہے۔ اگرچہ یہ دن دنیا کے آخری دن ہیں اور بہت بلائیں ہیں جن کے نزول کا وقت ہے پر ضرور ہے کہ یہ دنیا قائم رہے جب تک وہ تمام باتیں پوری نہ ہو جائیں جن کی خدا نے خبر دی۔ میں خدا کی طرف سے ایک قدرت کے رنگ میں ظاہر ہوا اور میں خدا کی ایک مجسّم قدرت ہوں۔ اور میرے بعد بعض اور وجود ہوں گے جو دوسری قدرت کے مظہر ہوں گے۔ سو تم خدا کی قدرت ثانی کے انتظار میں اکٹھے ہو کر دعا کرتے رہو۔ اور چاہیے کہ ہر ایک صالحین کی جماعت ہر ایک ملک میں اکٹھے ہو کر دعا میں لگے رہیں تا دوسری قدرت آسمان سے نازل ہو اور تمہیں دکھاوے کہ تمہارا خدا ایسا قادر خدا ہے۔"

(رسالہ الوصیت۔ روحانی خزائن جلد ۲۰ صفحہ ۳۰۳۔۳۰۶)

رہیں گے خلافت سے وابستہ ہم

جماعت کا قائم ہے اس سے بھرم

اداریہ

اللہ تبارک و تعالیٰ کا یہ عظیم احسان ہے کہ آج مجلس انصاراللہ ناروے کو اپنا رسالہ جاری کرنے کی توفیق مل رہی ہے۔ الحمدللہ علیٰ ذالک۔ حضرت اقدس خلیفتہ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے از راہ شفقت اس رسالہ کا نام " انصاراللہ ناروے " تجویز فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ یہ رسالہ ناروے کے انصار کے لیے ہر لحاظ سے بابرکت فرمائے اور ہم سب کو اس سے احسن رنگ میں فائدہ اٹھانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

فی زمانہ اسلام اور حضوراکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات پر اہل یورپ اور دیگر دنیا کی طرف سے بار بار حملے کئے جا رہے ہیں جو ہم سب کے لئے بہت تکلیف دہ ہیں۔ اس موقعہ پر ہماری ذمہ داری پہلے سے بھی بڑھ جاتی ہے کہ ہم قلمی جہاد کے ذریعہ اسلام کی خوبیاں اور حضوراکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عظیم سیرت کو دنیا کے سامنے اجاگر کریں۔ اور یہ اسی صورت میں ممکن ہے جب پہلے ہم خود خدا اور اسکے رسول کی معرفت حاصل کریں۔ یہ ہماری خوش قسمتی ہے کہ ہمارے پاس حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتب کا بیش بہا خزانہ موجود ہے جن کا مطالعہ کرکے ہم اپنے علم و عرفان میں اضافہ کرسکتے ہیں اور اسلام پر ہونے والے اعتراضات کا منہ توڑ جواب دے سکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اسکی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔ خدا کرے کہ حضرت مصلح موعودؓ کی یہ دعا ہمارے حق میں بھی پوری ہوتی رہے جس میں حضور فرماتے ہیں ۔

گہوارہ علوم تمہارے بنیں قلوب　　　پھٹکے نہ پاس تک بھی جہالت خدا کرے

پھیلاو سب جہان میں قول رسول کو　　　حاصل ہو شرق و غرب مین سطوت خدا کرے

قائم ہو پھر سے حکم محمد جہان میں　　　ضائع نہ ہو تمہاری یہ محنت خدا کرے

(مدیر)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم و علی عبدہ المسیح الموعود

خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ

ھوالنــاصر

امام جماعت احمدیہ

لندن

22 / 12 / 10

پیارے انصار بھائیو!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مجھے یہ جان کر بہت خوشی ہوئی ہے کہ مجلس انصار اللہ ناروے اپنا رسالہ شائع کرنے کی توفیق پا رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی اشاعت بہت بابرکت فرمائے۔ آمین

قرآن کریم کی آیت وَاِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ میں کتب ورسائل کی بکثرت اشاعت کی جس عظیم الشان پیشگوئی کا ذکر کیا گیا ہے اس کا ظہور مسیح موعود کی بعثت کے ساتھ وابستہ تھا۔ چنانچہ سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی حیات طیبہ کا بہت سا وقت تالیف وتصنیف میں صرف فرمایا اور امتِ مسلمہ پر بھی یہ راز آشکار فرمایا کہ یہ زمانہ تلوار کا نہیں بلکہ قلم کے جہاد کا ہے۔ اسی نسبت سے آپ کو سلطان القلم کا مبارک نام بھی عطا ہوا۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تعلیم وسنت کے عین مطابق جماعت میں دینی کتب ورسائل کی اشاعت پر ہمیشہ سے زور دیا جاتا رہا ہے۔ ان کا مرکزی مضمون امر بالمعروف اور نھی عن المنکر ہوتا ہے اور خلافت اور نظام جماعت سے اخلاص ووفا کا رشتہ استوار کرنے کی تلقین کی جاتی ہے۔ اسلام واحمدیت کی اشاعت ان کا اولین مقصد ہے۔ آپ جو رسالہ شائع کر رہے ہیں آپ کو بھی اس موقعہ پر میری یہی نصیحت ہے کہ اپنے رسالہ میں انہی باتوں کا اہتمام کریں۔ یعنی اس رسالہ میں بنیادی طور پر قرآن وحدیث کے احکامات کا بیان ہو۔ امام الزمان حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات اور ملفوظات کا ذکر ہو اور خلیفۂ وقت کے خطبات کے لئے بھی کچھ صفحات مخصوص ہوں اور پھر تنظیمی پروگراموں اور عام دلچسپی کی معلومات پر مشتمل باتیں شامل کر لی جائیں تو انشاء اللہ آپ کی یہ مساعی اللہ کی نظر میں مقبول ٹھہرے گی۔

اللہ تعالیٰ آپ کے لئے رسالے کا اجراء بہت بابرکت فرمائے اور آپ کو روحانی، تربیتی اور علمی مواد پر مشتمل مفید رسالہ شائع کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

والسلام

خاکسار

مرزا مسرور احمد

خلیفۃ المسیح الخامس

پیغام صدر مجلس انصاراللہ ناروے

پیارے انصار بھائیو!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آج خاکسار اس تاریخی موقع پر اللہ تعالیٰ کے حضور سربسجود ہے کہ وہ مجلس انصاراللہ ناروے کو اپنا پہلا رسالہ شائع کرنے کی توفیق عطا فرمارہا ہے۔ الحمد اللہ علیٰ ذالک۔ خاکسار اس موقع پر مجلس انصاراللہ ناروے کے ممبران کو مبارکباد دیتا ہے اور یہی پیغام دینا چاہتا ہے کہ خلیفہ وقت کے تمام خطبات سنیں اور ان کے ارشادات پر عمل کرنے کی کوشش کریں۔ نیز حضور پرنور کی طرف سے کی گئی ہر تحریک پر لبیک کہیں۔ حضور کی تازہ تحریک جس میں تمام احمدیوں کو اپنے مظلوم احمدی بھائیوں کے لئے روزانہ دو نوافل ادا کرنے کے لئے ارشاد فرمایا ہے اس پر خود بھی عمل کریں اور اپنے اہل خانہ کو بھی شامل کریں۔

انصار بھائیوں کو خاص طور پر پنج وقتہ نمازوں اور تلاوت قرآن کریم میں باقاعدگی اختیار کرتے ہوئے باقی اہل خانہ کے لئے نمونہ بننا چاہیے۔ اسی طرح انصاراللہ کے عہد کو نبھاتے ہوئے خلافت جیسی عظیم نعمت سے محبت اور وفا کے تعلق میں بڑھتے چلے جائیں اور اپنی اولاد کو بھی اس کی نصیحت کرتے رہیں۔

اللہ تعالیٰ ہماری حقیر کوششوں میں برکت عطا فرمائے اور اپنے پیارے امام کی قیادت میں اپنی زندگیوں میں احمدیت اور اسلام کا جھنڈا پوری دنیا پر لہراتا ہوا دیکھیں۔ اللہ تعالیٰ تمام احمدیوں کو اپنی حفظ و امان میں رکھے۔ آمین۔

والسلام

خاکسار

بشارت احمد صابر

صدر انصاراللہ ناروے۔

پھر چلے آتے ہیں یارو زلزلہ آنے کے دن　　زلزلہ کیا اس جہاں سے کوچ کر جانے کے دن

کیوں غضب بھڑکا خدا کا؟ مجھ سے پوچھو غافلو!　　ہو گئے ہیں اس کا موجب میرے جھٹلانے کے دن

طالبو! تم کو مبارک ہو کہ اب نزدیک ہیں　　اس میرے محبوب کے چہرہ کے دکھلانے کے دن

پھر بہار دیں کو دکھلا اے مرے پیارے قدیر!　　کب تلک دیکھیں گے ہم لوگوں کے بہکانے کے دن

دن چڑھا ہے دشمنان دیں کا ہم پر رات ہے　　اے مرے سورج دکھا اس دیں کے چمکانے کے دن

کچھ خبر لے تیرے کوچہ میں یہ کس کا شور ہے　　کیا مرے دلدار تو آئے گا مر جانے کے دن

میرے دل کی آگ نے آخر دکھایا کچھ اثر　　آگئے ہیں اب زمیں پر آگ بھڑکانے کے دن

چاند اور سورج نے دکھلائے ہیں دو داغ کسوف　　پھر زمیں بھی ہوگئی بے تاب تھرّانے کے دن

دیں کی نصرت کے لئے اک آسماں پر شور ہے　　اب گیا وقت خزاں آئے ہیں پھل لانے کے دن

چھوڑ دو وہ راگ جس کو آسماں گاتا نہیں　　اب تو ہیں اے دل کے اندھو!دیں کے گن گانے کے دن

آہ صد آہ رفت عمر بباد

رائے واعظ اگرچہ رائے من است لیک عشق تو بند پائے من است

اگرچہ میری رائے بھی وہی ہے جو واعظ کی ہے لیکن تیرے عشق کی بیڑی میرے پیروں میں پڑی ہوئی ھے

آہ صد آہ رفت عمر بباد نفس بد کیش ماشد منقاد

افسوس صد افسوس کہ عمر برباد ہو گئی مگر ہمارا بد سرشت نفس مطیع نہ ہوا

ہیچ دشمن بدشمنے نہ کند آنچہ کردیم مابخود بیداد

دشمن بھی دشمن کے ساتھ وہ نہیں کرتا جو ظلم ہم نے آپ اپنے اوپر کیا

دل نہادن بفکرت دنیا باز دارد ز کار ہائے معاد

دنیا کی فکر میں دل کو مصروف رکھنا آخرت کے کاموں سے (انساں کو) باز رکھتا ہے

شخص دنیا پرست در دنیا چند روزے بسر کند دل شاد

دنیا پرست شخص دنیا میں چند روز ہی خوشی کے بسر کرتا ہے

فضل حق باید و ریاضت سخت تابر آید ز کذب و شر و فساد

خدا کے فضل اور سخت مجاہدے ہی سے انسان جھوٹ شرارت اور فساد سے نجات پا سکتا ہے

(بحوالہ درثمین فارسی مترجم ۳۷۴۔۳۷۵)

ارشادات حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

حضور انور نے خطبہ جمعہ ۱۹ دسمبر ۲۰۰۳ میں فرمایا۔

" اب میں گھر کی سطح پر، بعض رشتوں کی سطح پر معاہدے کی مثال دینا چاہتا ہوں۔ شادی بیاہ کا تعلق بھی مرد اور عورت میں ایک معاہدہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ عورت کو حکم ہے کہ اس معاہدے کی رو سے تم پر یہ فرائض عائد ہوتے ہیں مثلاً خاوند کی ضروریات کا خیال رکھنا، بچوں کی نگہداشت کرنا، گھر کے امور کی ادائیگی وغیرہ۔ اسی طرح مرد کی بھی ذمہ داری ہے کہ بیوی بچوں کے نان نفقہ کی ذمہ داری اس پر ہے۔ ان کی متفرق ضروریات کی ذمہ داری اس پر ہے۔ اور دونوں میاں بیوی نے مل کر بچوں کی نیک تربیت کرنی ہے۔ اس کی ذمہ داری ان پر ہے۔ تو جتنا میاں بیوی آپس میں اس معاہدے کی پابندی کرتے ہوئے ایک دوسرے کا خیال رکھیں گے اتنا ہی زیادہ حسین معاشرہ قائم ہوتا چلا جائے گا۔

لیکن بعض دفعہ افسوس ہوتا ہے بعض واقعات سن کر اور دیکھ کر کہ یہاں یورپ میں، مغرب میں رہنے والی لڑکی کا رشتہ اگر پاکستان یا ہندوستان میں کہیں ہوا۔ تو لڑکی نے سپانسر کر کے لڑکے کو بلوایا، شادی ہنسی خوشی چلتی رہی، بچے بھی ہو گئے۔ اور جب مرد کے کاغذات مکمل ہو گئے، اب مجھے یہاں سے کوئی نکال نہیں سکتا تو غلط طریق سے لڑکیوں کو تنگ کرنا شروع کر دیا۔ تو اس طرح ایک پاکیزہ تعلق کو، ایک معاہدے کو توڑنے والے بن گئے۔ اور اکثر بنیاد صرف بہانے ہوتے ہیں۔ جھوٹ پر مبنی باتیں ہوتی ہیں۔ اندر کچھ بھی نہیں ہوتا۔ الزامات لگائے جا رہے ہوتے ہیں۔ تو ایسے لوگ بھی منافقت کے زمرے میں آتے ہیں۔ اور احمدیوں کو، ہم میں سے ہر ایک کو اس بارہ میں بہت احتیاط کی ضرورت ہے۔"

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے خطبہ جمعہ ۵ مارچ ۲۰۰۴ میں فرمایا۔

" ہمیشہ قول سدید اختیار کرو، ہمیشہ ایسی سیدھی اور کھری بات کرو جس سے انصاف اور عدل کے تمام تقاضے پورے ہوتے ہوں۔ پھر یہ عدل کے معیار اپنے گھر میں، اپنی بیوی بچوں کے ساتھ سلوک میں بھی قائم رکھو، روزمرہ کے معاملات میں بھی قائم رکھو، اپنے ملازمین سے کام لینے اور حقوق دینے میں بھی یہ معیار قائم رکھو، اپنے ہمسایوں سے سلوک میں بھی یہ معیار قائم رکھو، حتیٰ کہ دوسری جگہ فرمایا کہ دشمن کے ساتھ بھی عدل کے اعلیٰ معیار قائم رکھو۔ اللہ تعالیٰ جو تمہارے کاموں کی خبر رکھنے والا ہے، تمہارے دلوں کا حال جاننے والا ہے، تمہاری نیک نیتی کی وجہ سے تمہیں اعلیٰ انعامات سے بھی نوازے گا۔ تو دیکھیں کتنی خوبصورت تعلیم ہے دنیا میں انصاف اور عدل اور امن قائم کرنے کی۔

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں کہ حق اور انصاف پر قائم ہو جاؤ۔ اور چاہیئے کہ ہر ایک گواہی تمہاری خدا کے لئے ہو، جھوٹ مت بولو، اگرچہ سچ بولنے سے تمہاری جانوں کو نقصان پہنچے یا اس سے تمہارے ماں باپ کو ضرر پہنچے اور قریبیوں کو۔"

حضور اپنے خطبہ ۲۵ نومبر ۲۰۰۵ میں فرماتے ہیں۔

" بعض صاحب حیثیت جو ہیں وہ اپنی شادیوں پر بلاوجہ کھانوں کا ضیاع کر رہے ہوتے ہیں۔ آٹھ دس قسم کے سالن تیار کیئے ہوتے ہیں جو کھائے تو جاتے نہیں، ضائع ہو رہے ہوتے ہیں۔ ان میں سے بہت سے یہاں یورپ سے جانے والے بھی شامل ہیں جو جا کر اپنی شادیاں کرتے ہیں یا اپنے عزیزوں کی شادیاں کرتے ہیں۔ دکھاوے کی خاطر کہ ہم یورپ سے آ رہے ہیں۔ اور بعض دفعہ ایسا ہوتا ہے کہ وہ

کھانا پھر بچ جاتا ہے اور غریبوں میں بھی تقسیم نہیں ہو سکتا۔ کہ چلو کسی غریب کے کام آجائے تب بھی کوئی بات ہے۔ اس لئے بہتر یہی ہے کہ اگر اتنی کشائش ہے کہ اتنے کھانے پکا سکتے ہیں اور خرچ بھی کر سکتے ہیں تو جیسا میں نے کہا تھا غریبوں کی شادیوں پر خرچ کرنے کے لیے چندہ دے دیں۔"

دو نفلوں کی تحریک

سیدنا حضرت خلیفتہ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ۳ دسمبر ۲۰۱۰ کے خطبہ جمعہ میں احمدی احباب کو روزانہ دو نوافل ادا کرنے کی تحریک کرتے ہوئے فرمایا۔

" پس ان حالات میں دنیا بھر کی جماعتوں کے تمام افراد کو میں خاص طور پر اپنے مظلوم اور تکلیف اور مشکلات میں گرفتار بھائیوں کے لئے دعاؤں کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں کم از کم دو نفل روزانہ صرف ان لوگوں کے لئے ہر احمدی ادا کرے جو احمدیت کی وجہ سے کسی بھی قسم کی تکلیف میں مبتلا ہیں۔ جو ظالمانہ قوانین کی وجہ سے اپنی شہری اور مذہبی آزادیوں سے محروم کر دیے گئے ہیں۔ اسی طرح جماعتی ترقی کے لئے بھی خاص طور پر دعائیں کریں۔ پس اگر ہر احمدی اپنے دل کی بے چینی کو خدا تعالیٰ کے حضور پہلے سے بڑھ کر پیش کرے گا تو خود مشاہدہ کرے گا کہ اللہ تعالیٰ کے پیار کی نظر اس پر کس طرح پڑ رہی ہے پہلے سے بڑھ کر اللہ تعالیٰ ان کو اپنے حصار میں لے لے گا"

حضرت مسیح موعودؑ کی اپنے آقا و مطاع حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیمثال محبت

واقعات اور تحریرات کی روشنی میں۔ (alislam.org)

قُلۡ اِنۡ کُنۡتُمۡ تُحِبُّوۡنَ اللّٰہَ فَاتَّبِعُوۡنِیۡ یُحۡبِبۡکُمُ اللّٰہُ (ال عمران : ۳۲)

اعلیٰ درجہ کا نور

’وہ اعلیٰ درجہ کا نور جو انسان کو دیا گیا تھا۔ یعنی انسان کامل کو۔ وہ ملائک میں نہیں تھا۔ نجوم میں نہیں تھا۔ قمر میں نہیں تھا۔ آفتاب میں بھی نہیں تھا۔ وہ زمین کے سمندروں اور دریاؤں میں بھی نہیں تھا۔ وہ لعل اور یاقوت اور زمرد اور الماس اور موتی میں بھی نہیں تھا۔ غرض وہ کسی چیز ارضی اور سماوی میں نہیں تھا۔ صرف انسان میں تھا۔ یعنی انسان کامل میں۔ جس کا اتم اور اکمل اور اعلیٰ اور ارفع فرد ہمارے سیّد و مولیٰ سید الانبیاء سیّد الاحیاء محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔‘ (آئینہ کمالات اسلام صفحہ ۱۶۰)

جس کے عالی مقام کا انتہا معلوم نہیں ہو سکتا

’میں ہمیشہ تعجب کی نگاہ سے دیکھتا ہوں کہ یہ عربی نبی جس کا نام محمدؐ ہے (ہزار ہزار درود اور سلام اُس پر) یہ کس عالی مرتبہ کا نبی ہے اس کے عالی مقام کا انتہا معلوم نہیں ہو سکتا اور اُس کی تاثیر قدسی کا اندازہ کرنا انسان کا کام نہیں۔ افسوس کہ جیسا حق شناخت کا ہے اس کے مرتبہ کو شناخت نہیں کیا گیا۔ وہ توحید جو دنیا سے گم ہو چکی تھی وہی ایک پہلوان ہے جو دوبارہ اس کو دنیا میں لایا۔ اس نے خدا سے انتہائی درجہ پر محبت کی۔ اور انتہائی درجہ پر بنی نوع کی ہمدردی میں اُس کی جان گداز ہوئی۔ اس لیے خدا نے جو اس کے دل کے راز کا واقف تھا اس کو تمام انبیاء اور تمام اولین و آخرین پر فضیلت بخشی اور اُس کی مرادیں اس کی زندگی میں اُس کو دیں۔‘ (حقیقۃ الوحی صفحہ ۱۱۵)

اعلیٰ درجہ کا جوانمرد نبی

’ہم جب انصاف کی نظر سے دیکھتے ہیں تو تمام سلسلہ نبوت میں سے اعلیٰ درجہ کا جوانمرد نبی اور زندہ نبی اور خدا کا اعلیٰ درجہ کا پیارا نبی صرف ایک مرد کو جانتے ہیں۔ یعنی وہی نبیوں کا سردار۔ رسولوں کا فخر تمام مرسلوں کا سرتاج جس کا نام محمد مصطفیٰ واحمد مجتبیٰ ﷺ ہے۔ جس کے زیر سایہ دس دن چلنے سے وہ روشنی ملتی ہے جو پہلے اس سے ہزاروں برس تک نہیں مل سکتی تھی۔‘ (سراج منیر صفحہ ۷۲)

اپنی جان اور ماں باپ سے بھی پیارا

’جو لوگ ناحق خدا سے بے خوف ہو کر ہمارے بزرگ نبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کو برے الفاظ سے یاد کرتے اور آنجناب پر ناپاک تہمتیں لگاتے اور بدزبانی سے باز نہیں آتے ان سے ہم کیونکر صلح کریں۔ میں سچ سچ کہتا ہوں کہ ہم شورہ زمین کے سانپوں اور بیابانوں کے بھیڑیوں سے صلح کر سکتے ہیں، لیکن ان لوگوں سے ہم صلح نہیں کر سکتے جو ہمارے پیارے نبی پر جو ہمیں اپنی جان اور ماں باپ سے بھی پیارا ہے ناپاک حملے کرتے ہیں۔ خدا ہمیں اسلام پر موت دے ہم ایسا کام کرنا نہیں چاہتے جس میں ایمان جاتا رہے۔‘ (پیغام صلح صفحہ ۳۰)

عربی منظوم کلام

اپنے عربی منظوم کلام میں اپنے آقا کا ذکر یوں فرماتے ہیں۔

یَا حِبِّ اِنَّکَ قَدْ دَخَلْتَ مَحَبَّةً فِیْ مُهْجَتِیْ وَمَدَارِکِیْ وَجَنَانِیْ

(آئینہ کمالات اسلام، صفحہ ۵۹۴)

اے میرے محبوب تیری محبت میری جان اور میرے حواس اور میرے دل میں سرایت کر چکی ہے۔

جِسْمِیْ یَطِیْرُ اِلَیکَ مِنْ شَوْقٍ عَلَا یالیتَ کَانَتْ قُوَّةُ الطَّیَرَان

(آئینہ کمالات اسلام، صفحہ ۵۹۴)

(اے میرے معشوق) تیرا عشق میرے جسم پر (کچھ) اس طرح غلبہ پا چکا ہے کہ (وفور جذبات کی وجہ سے) وہ تیری طرف اُڑا جاتا ہے۔ کاش مجھ میں اُڑنے کی طاقت ہوتی (اور میں اُڑ کر تیرے پاس پہنچ جاتا)۔

اِنِّیْ اَمُوْتُ وَلَا تَمُوْتُ مَحَبَّتِیْ　　　یُدْرٰی بِذِکْرِکَ فِی التراب نِدَائِیْ

(منن الرحمان، صفحہ ۲۵)

(اے میرے پیارے) میں تو (ایک دن) اس دنیا سے کوچ کر جاؤنگا، لیکن میری (وہ) محبت (جو میں تجھ سے کرتا ہوں اس) پر کبھی موت نہیں آئے گی (کیونکہ) میری (قبر کی) مٹی سے تیری یاد میں (جو) آوازیں بلند ہونگی (وہ یہی ہونگی اے میرے محبوب محمدؐ۔ اے میرے معشوق محمدؐ۔ اے میرے پیارے محمدؐ)

یَارَبِّ صَلِّ عَلٰی نَبِیِّکَ دَائمًا　　　فِیْ ھٰذِہٖ الدُّنْیَا وَ بَعْثِ ثَانٖ

(آئینہ کمالات اسلام، صفحہ ۵۹۳)

اے میرے رب تو اپنے نبی ﷺ پر اس جہان میں بھی درود نازل فرما اور دوسرے جہان میں بھی درود نازل فرمانا۔

فارسی منظوم کلام

اپنے فارسی منظوم کلام میں اپنے معشوق سے عشق کا اظہار کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

بعد از خدا بعشق محمدؐ مخمرم　　　گر کفر ایں بود بخدا سخت کافرم

(ازالہ اوہام صفحہ ۱۷۶)

خدا تعالٰی کے بعد میں محمد مصطفٰے ﷺ کے عشق میں دیوانہ ہو چکا ہوں اگر اس عشق کی دیوانگی کا نام کوئی کفر رکھتا ہے تو خدا کی قسم میں سخت کافر ہوں (کیونکہ آپ ﷺ سے میں شدید محبت رکھتا ہوں)

ہرتارو پود من بسراید بعشق او　　　از خود تہی و از غم آں دلستاں پرم

(ازالہ اوہام صفحہ ۱۷۶)

آپ ﷺ کا عشق میرے وجود کے ہر رگ وریشہ میں سرایت کر چکا ہے اور میں اپنے آپ سے خالی اور اس محبوب کے غم سے پر ہوں۔

جان ودلم فدائے جمال محمدؐ است　　　　خاکم نثار کوچہ آل محمدؐ است

(اخبار ریاض ہند امرتسر یکم مارچ ۱۸۸۴ء)

میری جان اور دل محمد ﷺ کے جمال پر فدا ہے اور میری خاک نبی اکرم ﷺ کی آل کے کوچہ پر قربان ہے۔

درره عشق محمدؐ ایں سر وجانم رود　　　　ایں تمنا ایں دعا ایں در دلم عزم صمیم

(توضیح مرام، صفحہ ۱۱)

حضرت محمد مصطفی ﷺ کے عشق کی راہ میں میرا سر اور جان قربان ہو جائیں۔ یہی میری تمنا ہے اور یہی میری دعا ہے اور یہی میرا دلی ارادہ ہے۔

اردو منظوم کلام

اپنے اردو منظوم کلام میں اپنے پیشوا کا کچھ اس طرح ذکر فرماتے ہیں:

وہ پیشوا ہمارا جس سے ہے نور سارا　　　　نام اس کا ہے محمدؐ دلبر میرا یہی ہے

سب پاک ہیں پیمبر اک دوسرے سے بہتر　　　　لیک از خدائے برتر خیر الوریٰ یہی ہے

(قادیان کے آریہ اور ہم، صفحہ ۶۵)

ربط ہے جان محمدؐ سے میری جاں کو مدام　　　　دل کو وہ جام لبالب ہے پلایا ہم نے

مصطفی پر تیرا بے حد ہو سلام اور رحمت　　　　اس سے یہ نور لیا بار خدایا ہم نے

(درثمین صفحہ ۱۳)

اے میرے آسمانی آقا! اس ابتلائے عظیم سے نجات بخش

'مخالفین نے ہمارے رسول ﷺ کے خلاف بیشمار بہتان گھڑے ہیں اور اپنے اس دجل کے ذریعہ ایک خلق کثیر کا گمراہ کر کے رکھ دیا ہے۔ میرے دل کو کسی چیز نے کبھی اتنا دکھ نہیں پہنچایا جتنا کہ ان لوگوں کے اس ہنسی ٹھٹھا نے پہنچایا ہے جو وہ ہمارے رسول پاک ﷺ کی شان میں کرتے رہتے ہیں۔ ان کے دل آزار طعن و تشنیع نے جو وہ حضرت خیر البشر ﷺ کی ذاتِ والاصفات کے خلاف کرتے ہیں میرے دل کو سخت زخمی کر رکھا ہے خدا کی قسم اگر میری ساری اولاد اور اولاد کی اولاد اور میرے سارے دوست اور میرے سارے معاون و مددگار میری آنکھوں کے سامنے قتل کر دیئے جائیں اور خود میرے ہاتھ اور پاؤں کاٹ دیے جائیں اور میری آنکھ کی پتلی نکال پھینکی جائے اور میں اپنی تمام مرادوں سے محروم کر دیا جاؤں اور اپنی تمام خوشیوں اور تمام آسائشوں کو کھو بیٹھوں تو ان ساری باتوں کے مقابل پر بھی میرے لیے یہ صدمہ زیادہ بھاری ہے کہ رسول اکرم ﷺ پر ایسے ناپاک حملے کئے جائیں۔ پس اے میرے آسمانی آقا تو ہم پر اپنی رحمت اور نصرت کی نظر فرما اور ہمیں اس ابتلاء عظیم سے نجات بخش۔' (ترجمہ عربی عبارت، آئینہ کمالات اسلام، صفحہ ۱۵)

تمام آدم زادوں کے لیے ایک ہی رسول اور ایک ہی شفیع

'نوع انسان کے لیے روئے زمین پر اب کوئی کتاب نہیں مگر قرآن، اور تمام آدم زادوں کیلئے اب کوئی رسول اور شفیع نہیں مگر حضرت محمد مصطفٰے ﷺ۔ سو تم کوشش کرو کہ سچی محبت اس جاہ و جلال کے نبیؑ کے ساتھ رکھو اور اس کے غیر کو اس پر کسی نوع کی بڑائی مت دو تا آسمان پر تم نجات یافتہ لکھے جاؤ اور یاد رکھو کہ نجات وہ چیز نہیں جو مرنے کے بعد ظاہر ہو گی بلکہ حقیقی نجات وہ ہے کہ اسی دنیا میں اپنی روشنی دکھلاتی ہے۔ نجات یافتہ کون ہے؟ وہ جو یقین رکھتا ہے کہ خدا سچ ہے اور محمد ﷺ اس میں اور تمام مخلوق میں درمیانی شفیع ہے اور آسمان کے نیچے نہ اس کے ہم مرتبہ کوئی اور رسول ہے اور نہ قرآن کے ہم مرتبہ کوئی اور کتاب ہے۔ اور کسی کے لیے خدا نے نہ چاہا کہ وہ ہمیشہ زندہ رہے۔ مگر یہ برگزیدہ نبی ہمیشہ کے لیے زندہ ہے۔' (کشتی نوح، صفحہ ۱۳)

(جاری ہے)

اراکین نیشنل عاملہ مجلس انصاراللہ ناروے ۲۰۱۰

صدر مجلس	مکرم بشارت احمد صابر صاحب
نائب صدر اوّل	مکرم جمیل احمد قمر صاحب
نائب صدر	مکرم داؤد احمد ذاہد صاحب
نائب صدر دوم	مکرم عامر نصیر صاحب
قائد عمومی	مکرم مختار احمد ساجد صاحب
قائد تعلیم	مکرم سیّد نثار احمد صاحب
قائد تربیت	مکرم نصیر الدّین ہمایوں صاحب
قائد تربیت	مکرم سہیل مسعود صاحب
قائد ایثار	مکرم ندیم احمد خان صاحب
قائد تبلیغ	مکرم رائے طارق احمد صاحب
قائد ضیافت و صحت	مکرم انور احمد شاہ صاحب
قائد وقف جدید	مکرم محمد یعقوب بھٹی صاحب
قائد تحریک جدید	مکرم غلام سرور صاحب
قائد تجنید	مکرم عقیل احمد صاحب
قائد اشاعت	مکرم ڈاکٹر احمد رضوان صادق صاحب
قائد تعلیم القرآن	مکرم وسیم احمد چوہدری صاحب
قائد مال	مکرم منیر احمد چوہدری صاحب
نائب قائد مال	مکرم آفتاب فرید صاحب
ارکین خصوصی	مکرم جاوید اقبال صاحب، مکرم نصیر ظفر صاحب

زعمائے مجالس انصاراللہ ناروے ۲۰۱۰

مجلس بیت النصر	مکرم طاہر محمود صاحب
مجلس کلفتا	مکرم چوہدری مظفر احمد صاحب
مجلس ستونز	مکرم منصور خالد صاحب
مجلس تھوئن	مکرم زاہد مبشر ساہی صاحب
مجلس نور	مکرم محمد باسط قریشی صاحب
مجلس لامبے سیتر	مکرم وسیم احمد چوہدری صاحب
مجلس ہولملیا	مکرم افتخار احمد ورائچ صاحب
مجلس درامن	مکرم مرزا محمد اشرف صاحب
مجلس نتے دال	مکرم رانا لطیف احمد صاحب
مجلس لورنسکوگ	مکرم طارق خلیل صاحب
مجلس کرستیانساند	مکرم بشارت احمد صاحب

خدمت دین کو اک فضل الٰہی جانو
اس کے بدلے میں کبھی طالب انعام نہ ہو

مجلس ادارت

دائیں سے بائیں، کھڑے ہوئے۔ڈاکٹر احمد رضوان صادق (مدیر)، سیّد مبارک احمد شاہ، جمیل احمد قمر۔

بیٹھے ہوئے۔شاہد محمود کاہلوں (مربی سلسلہ ناروے)، زرتشت منیر احمد (امیر جماعت ناروے)،
بشارت احمد صابر (صدر مجلس انصاراللہ ناروے)۔

مجلس عاملہ انصاراللہ ناروے ۲۰۱۰

دائیں سے بائیں۔ کھڑے ہوئے۔ محمد یعقوب بھٹی، سہیل مسعود، سیّد انور احمد شاہ، ندیم احمد خاں، سیَد نثار احمد، وسیم احمد چوہدری، جمیل احمد قمر، غلام سرور، داؤد احمد زاہد، جاوید اقبال، منیر احمد چوہدری، مختار احمد ساجد۔

بیٹھے ہوئے (کرسیوں پر)۔ شاہد محمود کاہلوں (مربی سلسلہ)، زرتشت منیر احمد (امیر جماعت ناروے) بشارت احمد صابر (صدر مجلس)

بیٹھے ہوئے (فرش پر)۔ رائے طارق احمد، عامر نصیر، نصیر الدین ہمایوں، ڈاکٹر احمد رضوان صادق (مدیر)، عقیل احمد۔

رپورٹ کارگزاری مجلس انصاراللہ ناروے

مجلس انصاراللہ ناروے نے سال کا آغاز یکم جنوری کو مسجد نور میں نماز تہجد سے کیا۔ نماز فجر کے بعد مسجد کے قریبی پارک (Vigelandspark)، جہاں نئے سال کی آتش بازی کے آثار بکھرے پڑے تھے، باقی افراد جماعت کے ساتھ مل کر وقار عمل کے ذریعہ صاف کیا۔ اس کے علاوہ دوران سال نئی زیر تعمیر مسجد بیت النصر میں مختلف مواقع پر وقار عمل کا اہتمام کیا گیا۔

مسجد فنڈ جمع کرنے کے لیے مختلف مواقع پر سٹال لگائے گئے اور جمع شدہ رقم مسجد فنڈ میں دی گئی۔ ۲۰۰۹ کی انصاراللہ کی بچت بھی حضور انور کی منظوری سے مسجد فنڈ میں دے دی گئی۔ بیت النصر میں دوران سال انصار سیکورٹی کی ڈیوٹی انجام دیتے رہے۔

دوران سال مختلف مواقع پر انصار نے اولڈ ہوم اور ہسپتال میں جاکر مریضوں کی عیادت کی۔

اپریل کے مہینہ میں قائدین اور زعمائے مجالس کے لیے ریفریشر کورس کا اہتمام کیا گیا۔

مئی میں جلسہ سیرت النبی ﷺ منعقد کیا گیا جس میں غیر از جماعت افراد کو دعوت دی گئی۔

جون میں دوروزہ سالانہ اجتماع انصاراللہ منعقد ہوا۔

دوران سال مختلف ذرائع سے تبلیغ کی جاتی رہی۔ دسمبر میں مجلس شوریٰ منعقد کی گئی۔

شعبہ اشاعت کے تحت مجلس انصاراللہ ناروے کو پہلی بار اپنا رسالہ شائع کرنے کی توفیق مل رہی ہے۔

(صدر و قائد عمومی مجلس انصاراللہ ناروے)

انصاراللہ ناروے آپ کا اپنا رسالہ ہے اس کے لئے مفید مشورے اور مضامین کی ضرورت ہے۔ اراکین مجلس انصاراللہ سے درخواست ہے کہ رسالہ کے لئے علمی، معلوماتی، تاریخی اور دلچسپ مضامین بھجوائیں۔ کوشش کریں کہ مضامین کمپیوٹر پر inpage یا word میں لکھ کر بھجوائیں۔ مضامین اور انصاراللہ کوئز کے جوابات اس ایڈریس پر بھیجے جاسکتے ہیں۔

ahmedrizwan@online.no جزاکم اللہ۔

عیسائی منادوں کے اعتراضات۔ آنحضرت ﷺ پر نعوذ باللہ حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کی فضیلت کے جھوٹے دعویٰ کی تردید۔

(یہ مضمون محترم کمال یوسف صاحب کی اس تقریر سے اخذ کیا گیا ہے جو انہوں نے مئی ۲۰۱۰ کو اوسلو میں مجلس انصاراللہ ناروے کے تحت ہونے والے جلسہ سیرۃ النبی ﷺ کے موقعہ پر کی۔ مرسلہ نصیر احمد صاحب۔)

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ ؕ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا

(الاحزاب ، 33:57)

ترجمہ۔ یقیناً اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر رحمت بھیجتے ہیں۔ اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! تم بھی اس پر درود اور خوب خوب سلام بھیجو۔

آپ ﷺ کو خاتم النبیّن کا لقب اس وقت دیا گیا جیسا کہ آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں کہ ابھی حضرت آدمؑ وجود میں نہیں آئے تھے۔ وہ شخص جو اس وقت سے اس مقام پر فائز کیا گیا ہے جس کو آج ہم خاتم النبیّن مانتے ہیں، ایسی عظیم ہستی کے بارے میں جب عیسائی اس کے اس مقام کو نظر انداز کرتے ہوئے حضرت عیسیٰؑ کی فضیلت بیان کرتے ہیں، یہ ان کا ایک خاص طریق ہے کہ کس رنگ میں اسلامی دنیا میں انہوں نے تبلیغ کی ہے۔ اور بدقسمتی سے ان کی اس تبلیغ کے نتیجہ میں لکھوکھا مسلمانوں نے جو بڑے بڑے عظیم الشان خاندانوں میں سے تھے بلکہ بعض سادات کے خاندانوں میں سے بھی لوگوں نے عیسائیت قبول کی تو اس مختصر سے وقت میں جس رنگ میں عیسائی عیسائیت کو یا حضرت عیسیٰؑ ابن مریم کی فضیلت کو آنحضرت ﷺ کے خلاف پیش کرتے ہیں، ان میں سے چند باتیں وقت کے لحاظ سے میں آپ کی خدمت میں پیش کروں گا۔

یہ بات مد نظر رکھیں کہ حضرت رسولکریم ﷺ کو باوجود اسکے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو علم دیا تھا کہ آپ ﷺ اس مقام عظیم پر فائز ہیں جس سے بڑھ کر اور کوئی مقام اور مرتبہ نہیں، آپ اس بات کو پسند نہیں فرماتے تھے کہ دوسرے مذاہب والوں کے سامنے آپ ﷺ کے اس مقام کو اس رنگ میں پیش کیا جائے کہ ان کی دل آزاری ہو۔ اگر کسی نے حضرت موسیٰؑ یا حضرت عیسیٰؑ کی قوم کے کسی شخص کو یہ کہا کہ آنحضرت ﷺ ان کے انبیاؑ سے بڑھ کر ہیں تو آپ ﷺ نے اس کو پسند نہیں فرمایا۔ ایک حدیث جسکے راوی حضرت عمرؓ ہیں، حضور ﷺ فرماتے ہیں "مسلمانوں میری تعریف حد سے زیادہ نہ کرو جس طرح عیسائیوں نے ابن مریمؑ کی تعریف کی ہے کیونکہ میں خدا کا بندہ ہوں۔ پس تم میری نسبت اتنا ہی کہہ سکتے ہو کہ محمد ﷺ خدا کے بندے اور اس کے رسول ہیں" (مدارج النبوۃ، زادالمعاد، شمائل ترمذی)۔ بعض عیسائیوں نے اس سے ناجائز فائدہ اٹھایا ہے۔ ڈنمارک کے ایک بڑے مشہور عیسائی مبلغ جو مڈل ایسٹ میں رہے ہیں اور انکا واسطہ ہمارے احمدی مبلغین سے بھی پڑا ہے، ایک دن انہوں نے ہمارے مبلغ کو یہ سوال بھجوایا کہ دیکھیں آنحضرت ﷺ سے حضرت مسیح ابن مریم نعوذ باللہ بہت بڑھ کر صاحب فضیلت تھے۔ اور انہوں نے یہ کہا کہ میں اس دعویٰ کی دلیل قرآن کریم سے ہی پیش کرتا ہوں اور انہوں نے یہ دلیل پیش کی کہ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں حضرت مریمؑ کو بذریعہ وحی فرما رہا ہے لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا (مریم ۱۹،۲۰) یعنی میں تجھے ایک ایسا لڑکا عطا کروں گا جو ذکی ہو گا۔ ذکی عربی میں کہتے ہیں پاک کو۔ نیک خصلت کو، پاک اطوار ہوں جس کے۔ اور اس نے کہا کہ پورے قرآن میں کسی اور نبی کے بارہ میں یہ نہیں کہا گیا۔ اس وجہ سے حضرت مسیحؑ کے علاوہ کسی شخص کو پاک نہیں کہا جا سکتا۔

یہ اس کی اپنی ناقص سمجھ تھی حالانکہ وہ اگر تھوڑا سا اپنی انجیل پر بھی غور کرتا تو یہ بات وہ نہیں کہہ سکتا تھا۔ اصل بات یہ ہے کہ بعض باتیں تعریف میں کہی جاتی ہیں اور بعض باتیں دفاع میں کہی جاتی ہیں۔ مثلاً قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ (بقرہ ۱۰۳) یعنی حضرت سلمانؑ نے کفر نہیں کیا۔ اب یہ صرف حضرت سلمان کے بارے میں کہا گیا ہے، کسی اور نبی کے بارے میں نہیں کہا گیا، حضرت مسیحؑ کے بارے میں بھی نہیں تو کیا وہ یہ بات تسلیم کرلیں گے کہ حضرت مسیحؑ نے کفر کیا تھا یا نہیں کیا تھا! اسی طرح نبیوں میں حضرت ابراہیمؑ کے بارے میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا (مریم ۴۲) نبی تو وہ تھے ہی لیکن وہ صدیق بھی تھے۔ اب یہ تو درست ہے کہ ہر نبی صدیق ہوتا ہے لیکن کسی اور نبی کو صدیق نہیں کہا گیا، ابراہیمؑ کو کیوں کہا گیا۔ یہ دراصل تعریف میں نہیں بلکہ دفاع میں کہا گیا ہے۔ دفاع کی وجہ یہ ہے کی حضرت ابراہیمؑ کی قوم نے آپ پر الزام لگایا کہ آپ نے نعوذ باللہ تین جھوٹ بولے ہیں تو اللہ تعالیٰ نے وہاں حضرت ابراہیمؑ کے دفاع میں صرف نبی نہیں کہا بلکہ اس کے ساتھ صدیق بھی کہا، اس جھوٹے الزام کے دفاع کے لیے کہ کوئی نبی نعوذ باللہ جھوٹ بھی بولتا ہے۔ ہر نبی ہمیشہ صدیق ہوتا ہے۔ اسی طرح حضرت سلمانؑ پہ ان کی قوم نے یہ الزام لگایا تھا کہ انہوں نے کفر کیا ہے تو خدا تعالیٰ اس کے جواب میں فرماتا ہے کہ حضرت سلمانؑ نے کفر نہیں کیا۔

یہ بات مد نظر رہے کہ جب حضرت مسیح ابن مریمؑ کی بعثت ہوئی تو اس وقت دو قومیں ان کے سامنے تھیں، ایک وہ جنہوں نے آپ کا انکار کر دیا اور دوسرے آپ کے ماننے والے۔ جنہوں نے آپ کا انکار کیا اور صاف کہہ دیا کی ہم اس شخص کو نبی مان ہی نہیں سکتے کیونکہ نعوذ باللہ ان کے حسب و نسب پاکیزہ نہیں ہیں۔ اس اعتراض کے جواب میں خدا تعالیٰ نے فرمایا کہ نہیں یہ یقیناً پاکیزہ ہے۔

حضرت مسیحؑ کی پاکیزگی کا بھی دفاع کیا۔ حضرت مسیحؑ کے حسب و نسب پر تو صرف یہودیوں نے انگلی اٹھائی بلکہ بد قسمتی سے ان اناجیل کو جو پادری پیش کرتے ہیں میں بھی نعوذ باللہ حضرت مسیحؑ کی جو تعریف بیان کی جاتی ہے وہ بھی تسلی بخش نہیں مثلاً خود ان کی طرف ایک قول منسوب کیا جاتا ہے کہ ایک شخص نے آکر کہا کہ تو ایک راستباز اور استاد ہے یعنی نیک استاد ہے تو حضرت مسیحؑ نے اسے کہا مجھے نیک نہ کہو، نیک صرف خدا ہے۔ "اے استاد میں کونسی نیکی کروں۔۔۔۔۔ مجھ سے نیکی کی بابت کیوں پوچھتا ہے۔ نیک تو ایک ہی ہے" (متی ۱۸/۱۷، ۱۹) خود انہوں نے انکار کر دیا کہ میں نیک ہوں۔

اور اس سے بھی عجیب بات یہ ہے کہ ایک موقعہ پر یہودی چاہتے تھے کہ کسی طرح حضرت عیسیٰ کو trap کریں اور قانون کی گرفت میں لے آئیں۔ ایک زانیہ عورت جو زنا کے وقت پکڑی گئی اس کو پکڑ کر وہ لے آئے۔ تورات میں زنا کی سزا رجم ہے۔ انہوں نے حضرت عیسیٰؑ کو کہا کہ تو جو تورات کا بڑا عالم ہے اور اپنے آپ کو نبی کہتا ہے اب یہ بتائیں کہ اس کے ساتھ کیا کریں۔ حضرت عیسیٰؑ نے فرمایا کہ ٹھیک ہے اس کی سزا رجم ہے، یہاں موجود لوگوں میں جس نے کوئی گناہ نہیں کیا وہ اس کے اوپر پہلے پتھر پھینکے۔ اب کسی نے پتھر نہیں پھینکا۔ چلیں یہ بات تو سمجھ آسکتی ہے کیونکہ عیسائیوں کا فلسفہ گناہ یہ ہے کہ ہر انسان گناہ گار ہے کیونکہ آدم نے گناہ کر دیا اور اس لیے نسل در نسل گناہ خون میں آرہا ہے اس لیے ہر شخص گناہ گار ہے۔ لیکن جس شخص نے یہ بات کہی اس کے بارہ میں تو عیسائی خود یہ کہتے ہیں کہ وہ گناہ گار نہیں تھا بلکہ خدا کا بیٹا تھا۔ آپ نے پتھر کیوں نہیں پھینکا؟ اس واقعہ کے مطابق، انجیل کے لحاظ سے ان کی پاکبازی ثابت نہیں لیکن قرآن مجید کا کمال ہے، اگرچہ عیسائی قرآن مجید کو نعوذ باللہ خدا کا کلام نہیں مانتے بلکہ محمد ﷺ کا کلام مانتے ہیں تو یہ کہنا چاہیئے کہ عیسائیوں کے نزدیک

محمد ﷺ کا یہ کمال ہے کہ بنی اسرائیل کا وہ نبی جسکے دشمن تو دشمن دوست بھی اسکی پاکیزگی ثابت نہیں کرسکتے مگر محمد ﷺ نے اسکی پاکیزگی کا اعلان فرمایا اور اسکی عصمت اور حرمت کی حفاظت فرمائی۔

عیسائی حضرت عیسیٰؑ کی جو بھی جائز تعریف کریں ھمارے لیے قابل قبول ہے۔ قرآن کریم نے بھی حضرت عیسیٰؑ کو نبی اور ذکی قرار دیا ہے۔ لیکن آنحضرت ﷺ کو صرف ذکی نہیں بلکہ دوسروں کو بھی پاک کرنے والا کہا گیا ہے۔ اس لحاظ سے یہ بات آپ ﷺ کے مقام کی عظمت کو ظاہر کرتی ہے۔ کیونکہ کسی شخص کا ذاتی طور پر نیک اور پاک ہونا ایک بات ہے اور اس کے مقابلے پر خدا تعالیٰ کسی کو یہ قوت اور تاثیر عطا کرے کہ وہ دوسروں کو بھی پاک کرے، یہ اس سے بھی بڑا مقام ہے اور یہی وہ مقام ہے جس کو اللہ تعالیٰ سورۃ جمعہ میں بیان فرماتا ہے

هُوَ الَّذِىۡ بَعَثَ فِى الۡاُمِّيّٖنَ رَسُوۡلًا مِّنۡهُمۡ يَتۡلُوۡا عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيۡهِمۡ [62:3]

وہی ہے جس نے اُمّی لوگوں میں انہی میں سے ایک عظیم رسول مبعوث کیا۔ وہ اُن پر اس کی آیات کی تلاوت کرتا ہے اور انہیں پاک کرتا ہے۔

اس آیت میں یہ بتایا گیا ہے کہ یہ رسول بھی امیّ ہے اور جس قوم کی طرف بھیجا گیا ہے وہ بھی امیّ ہے۔ اور یہ نبی صرف آیات کی تلاوت نہیں کرتا بلکہ اس کو یہ طاقت دی گئی ہے کہ وہ دوسروں کو پاک کر دے گا۔

حضرت عیسیٰؑ جس قوم کی طرف بھیجے گئے تھے وہ امیّ نہیں بلکہ بہت پڑھی لکھی قوم تھی اور ان میں پے در پے نبی آتے رہے تھے۔ اور جس قوم کی طرف آنحضرت ﷺ بھیجے گئے تھے وہ گناہوں میں

غرق دنیا کی ایک بدترین قوم تھی۔ جس کو نبوّت یا نبی کا کوئی علم نہیں تھا۔ ایسی قوم کو پاک کرنا حضور ﷺ کی عظیم الشان قوت قدسیہ کا اعجاز ہے۔ جو کہیں کسی تاریخ میں نہیں مل سکتا۔ پانچ وقت شراب پینے والی قوم کو شراب چھڑوا کر پانچ وقت کا نمازی بنانا اس کی ایک مثال ہے۔

(باقی آئندہ۔ انشاللہ)

شہدائے احمدیت کے نام

پی لیا ہے زندگی کا تم نے جام

جرائت و مردانگی سے جان دی

ہو گئے قربان مہدی کے غلام

خون دے کر تم نے دیں زندہ کیا

مل گیا ہے تم کو اب اعلیٰ مقام

یاد رکھیں گے تمہیں ہم بھی ہمیش

رحمتیں بھیجیں گے ہم تم پر مدام

لکھا جایگا تمہیں تاریخ میں

دین کے روشن ستارے شاد کام

دائمی تم زندگی سب پاگئے

ہو گیا تم سب کا اچھا اختتام

خون کے قطروں سے مولا پیدا کر

پھول پھل اور زندگی کے شیریں جام

ہے دعا مومن کی اے ربِ حفیظ

توؔ حفاظت کر ہماری صبح و شام

خواجہ عبدالمومن

دورد شریف سے خدا کا فیض اور فضل ملتا ہے

سیدنا حضرت خلیفتہ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ ۵ ستمبر ۲۰۰۳ میں فرماتے ہیں۔

(بحوالہ روزنامہ الفضل ربوہ ۱۹ دسمبر ۲۰۰۹)

حضرت مولانا عبدلکریم صاحب سیالکوٹی تحریر فرماتے ہیں

"ایک بار میں نے خود حضرت امام (مسیح موعود) سے سنا، فرمایا کہ میں دیکھتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے فیوض عجیب نوری شکل میں آنحضرت ﷺ کی طرف جاتے ہیں اور پھر وہاں سے جاکر آنحضرت ﷺ کے سینہ میں جذب ہو جاتے ہیں اور وہاں سے نکل کر ان کی لاانتہا نالیاں ہوتی ہیں اور بقدر حصہ رسدی ہر حقدار کو پہنچتی ہیں" یعنی جو لوگ درود شریف بھیج رہے ہیں اور جس جس جوش سے بھیج رہے ہیں ان تک وہ اتنا حصہ پہنچتا رہتا ہے۔ یقیناً کوئی فیض بدوں وساطت آنحضرت ﷺ دوسروں تک پہنچ ہی نہیں سکتا۔ یعنی اب کوئی بھی فیض جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے فضل ہونے ہیں بغیر آنحضرت ﷺ کی وساطت کے کسی شخص تک نہیں پہنچ سکتے۔

فرمایا۔ درود شریف کیا ہے؟ رسول اللہ ﷺ کے اس عرش کو حرکت دینا۔ جس سے یہ نور کی نالیاں نکلتی ہیں۔ جو اللہ تعالیٰ کا فیض اور فضل حاصل کرنا چاہتا ہے۔ اس کو لازم ہے کہ کثرت سے درود شریف پڑھے تا کہ اس فیض میں حرکت پیدا ہو۔

(اخبار الحکم جلد ۷ نمبر ۸ پرچہ ۲۸ فروری ۱۹۰۳)

ایک دفعہ نواب محمد علی خاں صاحب کو اپنی بعض مشکلات کی وجہ سے دعا کی تلقین کرتے ہوئے حضرت اقدس مسیح موعود نے فرمایا کہ،

"آپ درویشانہ سیرت سے ہر نماز کے بعد گیارہ دفعہ لاحول ولا قوۃ (۔) پڑھیں اور رات کو سونے کے وقت معمولی نماز کے بعد کم سے کم اکتالیس دفعہ درود شریف پڑھ کر دو رکعت نماز پڑھیں اور سجدہ میں کم سے کم تین دفعہ یہ دعا پڑھیں، یاحی یاقیوم برحمتک استغیث۔ پھر نماز پوری کر کے سلام پھر دیں اور اپنے لیے دعا کریں" (مکتوبات احمدیہ جلد ہفتم حصہ اول صفحہ ۳۳)

تو یہاں کسی کو یہ خیال نہ آئے کہ پہلے تو حد نہیں لگائی تھی یہاں تو گنتی بتا دی ہے تو واضح ہو کہ پہلے حضرت نواب محمد علی خان صاحب کے مخصوص حالات کی وجہ سے دعا کا طریق بتایا۔ دوسرے اس میں 'کم سے کم' کہا ہے کہ اتنی دفعہ ضرور پڑھیں۔ اصل بات وہی ہے درود میں قید کوئی نہیں کہ زیادہ سے زیادہ کتنا پڑھا جائے۔ جتنی توفیق ہے پڑھتے چلے جائیں اور اتنا ہی فیض پاتے چلے جائیں۔

حضرت اقدس مسیح موعود کے (۔) میں بھی درود کا کثرت سے ذکر ملتا ہے۔

اعجاز المسیح میں درج ہے کہ

"(اے لوگو) اس محسن نبی پر درود بھیجو جو خداوند رحمن ومنان کی صفات کا مظہر ہے۔ کیونکہ احسان کا بدلہ احسان ہی ہے۔ اور جس دل میں آپ کے احسانات کا احساس نہیں اس میں یا تو ایمان ہے ہی نہیں اور یا پھر وہ اپنے ایمان کو تباہ کرنے کے درپے ہے۔ اے اللہ! اس امی رسول اور نبی پر درود بھیج جس نے (۔) کو بھی پانی سے سیر کیا۔ جس طرح اس نے اولین کو سیر کیا اور انہیں اپنے رنگ میں رنگین کیا اور انہیں پاک لوگوں میں داخل کر دیا"

(اعجاز المسیح، روحانی خزائن جلد ۱۸ صفحہ ۶،۵)

ایک الہام ہے۔ (۔) کہ نیک کاموں کی طرف راہنمائی کر اور برے کاموں سے روک اور محمد ﷺ اور آل محمد ﷺ پر درود بھیج۔ درود ہی تربیت کا ذریعہ ہے۔

بھیج درود اس محسن پر تو دن میں سو سو بار

پاک محمد مصطفےٰؐ نبیوں کا سردار

اہم امور میں مشاورت سے متعلق اُسوہٴ رسول ﷺ

مرسلہ منصور احمد ڈار

قرآن کریم میں خدا تعالیٰ آنحضرت ﷺ کو مخاطب کر کے فرماتا ہے:

فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ فَإِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ (آل عمران: ۱۶۰)

اور تو اس عظیم الشان رحمت کی وجہ سے (ہی) جو اللہ کی طرف سے (تجھے دی گئی) ہے۔ ان کے لئے نرم واقع ہوا ہے اور اگر تو بد اخلاق ہوتا اور سخت دل ہوتا تو یہ لوگ تیرے گرد سے تتر بتّر ہو جاتے۔ پس تو انہیں معاف کر دے اور ان کے لئے (خدا سے) بخشش مانگ اور (ہر) اہم معاملہ میں ان سے مشورہ (لیا) کر۔ پھر جب تو (کسی بات کا) پختہ ارادہ کر لے تو اللہ پر توکل کر۔ اللہ توکل کرنے والوں سے یقیناً محبت کرتا ہے۔

سیرت نبویؐ کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ آنحضرت ﷺ حکم الٰہی ''وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ'' کی تعمیل میں ہمیشہ صحابہ کرام سے اہم امور میں مشورہ طلب فرمایا کرتے تھے۔ کئی دفعہ ایسا بھی ہوا کہ بعض صحابہ نے بعض امور میں اجتماعی فائدہ کے پیش نظر از خود بھی آنحضرت ﷺ کی خدمت میں اپنی رائے کو پیش کیا اور اس کے درست ہونے کی بنا پر آنحضرت ﷺ نے اس کو قبول فرمایا یہ بھی ''وَشَاوِرْهُمْ'' ہی کی ایک صورت ہے۔ آیئے اب سیرت نبوی سے اس خلق عظیم کے چند نمونے ملاحظہ کرتے ہیں۔

جنگ بدر کے موقعہ پر جب آنحضرت ﷺ کو قریش مکہ کے مسلمانوں کی طرف جنگ کی نیت سے نکلنے کی خبر ملی تو آپؐ نے صحابہؓ سے اس سلسلہ میں مشورہ طلب فرمایا۔ مہاجرین نے اس موقعہ پر بہت اچھی بات کی اور ان میں سے حضرت مقداد بن عمروؓ نے کہا: اے رسول خدا، آپ وہی کریں جس کا خدا نے آپ کو حکم دیا ہے، ہم آپ کے ساتھ ہیں۔ خدا کی قسم ہم آپ سے ویسا سلوک ہرگز نہیں کریں گے جیسا بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کیا تھا۔ جب انہوں نے کہا

کہ جاتو اور تیرا رب جاکر لڑتے پھرو ہم تو یہاں سے نہیں ہلنے والے۔ لیکن ہم آپ کے دائیں بھی لڑیں گے اور آپ کے بائیں بھی لڑیں گے اور آپ کے پیچھے بھی لڑیں گے اور آپ کے آگے بھی لڑیں گے اور دشمن آپ تک نہیں پہنچ سکتا جب تک کہ وہ ہماری لاشوں کو نہ روندلے"۔ اس پرجوش تقریر پر آپؐ بہت خوش ہوئے اور حضرت مقداد کو دعا دی۔

اس کے بعد آپؐ نے دوبارہ اپنا وہی جملہ دہرایا کہ اے لوگو! مجھے مشورہ دو۔ درحقیقت آپؐ انصار کی رائے لینا چاہتے تھے۔ چنانچہ حضرت سعد بن معاذؓ بولے: "یارسول اللہ ہم آپ پر ایمان لائے ہیں اور آپ کے برحق ہونے کی تصدیق کی ہے۔ ہم اس بات کے گواہ ہیں کہ جو تعلیم آپ لے کر آئے ہیں وہ سچی تعلیم ہے اور اس پر کاربند رہنے اور آپؐ کی اطاعت کرنے پر ہم نے آپؐ سے عہد و پیمان کئے ہوئے ہیں۔ اس لئے آپؐ جو کرنا چاہتے ہیں کریں ہمیشہ آپؐ ہمیں اپنے ساتھ پائیں گے۔ مجھے اس ذات کی قسم ہے جس نے آپؐ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے کہ اگر آپؐ ہمیں اپنے ساتھ اس سمندر میں بھی کودنے کو کہیں گے تو ہم میں سے ایک بھی ایسا نہیں ہوگا جو سمندر کی لہروں کا سینہ چیر کر آپؐ کے ساتھ نہ ہولے۔ اے رسول خدا! آپ کا ہمیں دشمن کے سامنے لاکھڑا کرنا ہمیں ہرگز ناگوار نہیں گزرا۔ ہم تو جنگوں میں ڈٹ کر مقابلہ کرنے والی قوم ہیں۔ اور شاید اب وہ وقت بہت قریب ہے جبکہ خدا تعالیٰ آپؐ کو ہماری طرف سے فدائیت کے وہ نظارے دکھلا دے گا جس سے آپؐ کی آنکھیں ٹھنڈی ہو جائیں گی"۔ حضرت سعدؓ کی اس پرایمان اور پرجوش تقریر کو سن کر حضورؐ بہت خوش ہوئے۔

(السیرۃ النبویۃ لابن ہشام۔ الجزء الثانی صفحہ ۲۶۶،۲۶۷۔ دارالقلم بیروت۔ الطبعۃ الاولیٰ ۱۹۸۰ء اور تاریخ الطبری لابی جعفر الطبری الجزء الثانی صفحہ ۴۳۴ دار سویدان بیروت طبعہ ۱۹۷۰ء)

------*

جنگ بدر میں ہی جب کفار مکہ نے بدر کی وادی کے عدوۂ قصوی پر ڈیرہ ڈالا تو آنحضرت ﷺ نے صحابہ کے ساتھ ماءِ بدر کے قریب پڑاؤ فرمایا۔ اس موقعہ پر حضرت حباب بن المنذرؓ آنحضرت ﷺ کے پاس آئے اور پوچھا، یارسول اللہ کیا اس مقام پر قیام کرنے کا حکم خدا نے آپ کو دیا ہے کیونکہ اگر ایسا ہے تو پھر اس جگہ سے ادھر ادھر نہیں ہوسکتے یا کہ پھر یہ آپ کی رائے ہے اور جنگی حربہ ہے۔ آپؐ نے فرمایا یہ رائے ہے اور جنگی حربہ ہے۔ اس پر حبابؓ نے کہا کہ اگر ایسی بات ہے تو پھر یہ جگہ ہمارے ٹھہرنے کی نہیں ہے بلکہ میرا مشورہ یہ ہے کہ ہمیں پانی کے اس کنارے پر پڑاؤ کرنا چاہئے جو کفار کے نزدیک ہے۔ اس طرح ہم پیچھے کی جانب زمین کھود کر حوض بنالیں گے اور پانی اس میں سٹور کرلیں گے۔ یوں جنگ کے دوران ہم تو پانی پی سکیں گے جبکہ وہ اس سے محروم رہیں گے۔ آنحضرت ﷺ کو یہ مشورہ بہت پسند آیا چنانچہ آپ اٹھے اور وہی جگہ قیام کے لئے اختیار فرمائی جس کی طرف حبابؓ نے اشارہ کیا تھا۔ اور فرمایا اے حبابؓ تمہاری رائے واقعی بہت اچھی

ہے۔

(السیرۃ النبویۃ لابن ہشام۔ الجزء الثانی صفحہ ۲۷۲۔ دار القلم بیروت۔ الطبعۃ الاولیٰ ۱۹۸۰ء --۔ الطبقات الکبریٰ لابن سعد الجزء الثانی صفحہ ۱۱ دار الکتب العلمیہ الطبعۃ الاولیٰ ۱۹۹۰ء)

------*

جنگ بدر میں اسلحہ سے لیس کفار کے جیش کبیر کے مقابلہ میں مٹھی بھر مسلمانوں اور قلت سامان حرب کے باوجود اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کی دعاؤں کو قبول فرماتے ہوئے مسلمانوں کو فتح و نصرت سے ہمکنار فرمایا۔ اس غزوہ میں جہاں مشرکین کے بڑے بڑے سردار مارے گئے وہاں ان کی ایک بڑی تعداد قیدیوں کی صورت میں مسلمانوں کے قبضہ میں آ گئی۔ اب ان قیدیوں کے ساتھ کیا سلوک کیا جائے؟ اس معاملہ میں حضور ﷺ نے ایک دفعہ پھر صحابہ سے مشورہ طلب فرمایا۔ اس کے جواب میں حضرت ابو بکر صدیقؓ کا مشورہ تھا کہ ان قیدیوں کے ورثاء سے فدیہ لے کر ان کی جان بخشی کر دی جائے۔ یوں جہاں فدیہ کے مال سے دشمن کے مقابلہ میں مسلمانوں کی قوت میں مزید اضافہ ہو گا وہاں یہ بھی امید ہو گی کہ ان رہا شدہ قیدیوں کو شاید اللہ تعالیٰ ہدایت دے دے اور یہ اسلام قبول کر لیں۔ جبکہ حضرت عمرؓ نے کہا کہ ان لوگوں نے خدا کے رسول کو تکلیف پہنچائی ہے اور یہ سب آئمۃ الکفر ہیں لہٰذا ان کا قتل کرنا ہی بہتر ہے۔

آنحضرت ﷺ نے دونوں مشورے سنے اور رحمت کا پہلو اختیار کرتے ہوئے حضرت ابو بکرؓ کی رائے کے مطابق فیصلہ صادر فرمایا۔

(صحیح مسلم کتاب الجہاد والسیر باب امداد الملائکۃ فی غزوۃ بدر و اباحۃ الغنائم حدیث نمبر ۱۷۶۳۔ اور تاریخ طبری الجزء الثانی صفحہ ۴۷۴،۴۷۵ دار سویدان بیروت طبعۃ ۱۹۷۰)

------*

جنگ احد کا وقت آیا تو آنحضرت ﷺ نے ایک مرتبہ پھر صحابہ سے فرمایا کہ مجھے مشورہ دیں کہ کیا کریں؟ آیا ہم مدینہ سے باہر نکل کر دشمن کا سامنا کریں یا پھر مدینہ میں ہی رہیں اور اگر دشمن اس میں داخل ہونے کی کوشش کرے تو اس کا مقابلہ کریں۔ اس سلسلہ میں اکثر بزرگ صحابہ نے یہی مشورہ دیا کہ مدینہ سے باہر نہ نکلا جائے۔ جبکہ صحابہ کی ایک بڑی تعداد نے جو کہ جنگ بدر میں شمولیت کی سعادت سے محروم رہ گئے تھے، مدینہ چھوڑنے اور باہر نکل کر دشمن سے لڑنے کا مشورہ دیا۔ اور کہا کہ یا رسول اللہ آپ ہمیں لے کر دشمن کی طرف نکلیں تا کہ وہ یہ نہ سمجھے کہ ہم بزدل اور کمزور ہیں۔ آنحضرت ﷺ

بذات خود مدینہ میں رہ کر دفاع کرنے والی رائے کے حق میں تھے۔ لیکن مدینہ سے نکلنے والی رائے کے حامی صحابہ کے مسلسل اصرار کرنے پر آپؐ نے اسے قبول فرمالیا۔ چنانچہ اپنے گھر تشریف لے گئے، ذرعہ پہنی، اپنا اسلحہ اٹھایا اور نکلنے کے لئے تیار ہو گئے۔ دوسری طرف مدینہ سے نکلنے پر اصرار کرنے والے صحابہ کو شاید اپنی غلطی کا احساس ہوا لہذا جب آپؐ باہر تشریف لائے تو انہوں نے عرض کیا یارسول اللہ شاید ہم نے بے جا اپنی رائے کا اظہار کیا ہے۔ اس لئے اب اگر آپ پسند فرمائیں تو بے شک مدینہ میں ہی رہیں اور ہم آپ کے ساتھ ہیں۔ یہاں پر ”فَاِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ“ کا عظیم الشان نظارہ دیکھنے میں آیا۔ جبکہ آپؐ نے فرمایا: ”کسی نبی کے لئے جائز نہیں کہ اگر اس نے جنگ کی غرض سے اپنی ذرع پہن لی ہو تو پھر جنگ کئے بغیر اس کو اتار دے“۔

(السیرۃ النبویۃ لابن ہشام۔ الجزء الثالث صفحہ ۶۸،۶۷۔ اور مسند احمد بن حنبل الجزء الثالث صفحہ ۳۵۱ المکتب الاسلامی۔ الطبعہ الخامسہ ۱۹۸۵ء)

------*

